سوال

دوران عدت عورت کےلیے زعفران والی چائے اور قہوہ پینے کا حکم کیا ہے ؟

جواب

الحمدللہ

جس عورت کا خاوند فوت ہوجائے اسے دوران عدت زیبائش وخوبصورتی اختیار کرنے اور خوشبو لگانے سے اجتناب کرنا چاہیے، اورزعفران خوشبو کی ایک قسم ہے، اس لیے اگر قہوہ اور چائے میں ڈالنے سے اس کی خوشبو ختم ہوجاتی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر اس کی خوشبو باقی رہتی ہے تو عورت کو دوران عدت اس سے اجتناب کرنا چاہیے

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ اس کے متعلق دریافت کیا گیا توان کا جواب تھا :

"اگر اس کی یعنی زعفران کی خوشبو باقی ہو تو عورت کےلیے پینا جائز نہیں، کیونکہ اس کی خوشبو اس کے منہ سے آئیگی، لیکن اگر زعفران پکانے سے خوشبو ختم ہوجائے تو اس میں کوئی حرج نہیں" انتہی